اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی / گیارواں اجلاس (چوتھی نشست)

بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز سوموار مورخہ 10 رفروری 2025ء بمطابق ۱۱رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ۔

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
1	تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔	03
2	رخصت کی درخواستیں۔	04
3	In-Camera بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان صوبائی اسمبلی کے ہال (چیمبر) کوکُل ایوان کی مجلس تشکیل دی جانے کی بابت تحریک۔	04

☆☆☆

ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب مقبول احمد شاہوانی

☆☆☆

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز سوموار مورخہ 10/فروری 2025ء بمطابق ۱۱/شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ۔

بوقت سہ پہر 03 بجکر 55 منٹ پر زیر صدارت میڈم غزالہ گولہ بیگم، ڈپٹی اسپیکر،

بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: السلام علیکم! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ از حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوۡا ط وَكَانَ عِنۡدَ اللّٰهِ وَجِيۡهًا ﴿۶۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِيۡدًا ﴿۷۰﴾ يُّصۡلِحۡ لَـكُمۡ اَعۡمَالَـكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَـكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ ط وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِيۡمًا ﴿۷۱﴾

﴿پارہ نمبر ۲۲ سُوۡرَۃُ الاحزاب آیات نمبر ۶۹ تا ۷۱﴾

ترجمہ: اے ایمان والوتم مت ہوان جیسے جنہوں نے ستایا موسیٰ کو پھر بے عیب دکھلا دیا اس کو اللہ نے ان کے کہنے سے اور تھا اللہ کے یہاں آبرو والا۔ اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور کہو بات سیدھی۔ کہ سنوار دے تمہارے واسطے تمہارے کام اور بخش دے تم کو تمہارے گناہ اور جو کوئی کہنے پر چلا اللہ کے اور اس کے رسول ﷺ کے اس نے پائی بڑی مراد۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

☆☆☆

میڈم ڈپٹی اسپیکر: جَزَاکَ اللّٰہ. اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

سیکرٹری اسمبلی رخصت کی درخواستیں پڑھیں۔

جناب طاہرشاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی): میر جہانزیب مینگل صاحب ، میر ظفرا للہ خان زہری صاحب اور جناب اشوک کمار صاحب نے آج کی نشست سے رخصت منظور کرنے کی درخواستیں کی ہیں۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: آیا رخصت منظور کی جائے ،رخصت منظور ہوئی۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: چونکہ قائد ایوان نے صوبہ میں امن وامان کی صورتحال کی بابت معزز اراکین بلوچستان اسمبلی کو تفصیلی In-Camera بریفنگ دینے کا اہتمام کیا ہے۔واضح رہے کہ اسمبلی ہال چیمبر کو سوائے ایوان کی اجازت کے اسمبلی کی نشستوں کے سوادیگر کسی مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔لہذا قائد ایوان معزز اراکین اسمبلی کو صوبہ میں امن وامان کی صورتحال کی بابت تفصیلی In-Camera بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو کُل ایوان کی مجلس تشکیل دینے کی بابت قاعدہ (170(D کے تحت تحریک پیش کریں۔

میر سرفراز احمد بگٹی (قائد ایوان): شکریہ میڈم اسپیکر!مَیں سرفراز احمد بگٹی قائد ایوان قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر (170(D کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال کی بابت معزز اراکین بلوچستان اسمبلی کو تفصیلیIn-Camera بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان صوبائی اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو کُل ایوان کی مجلس تشکیل دی جائے۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: تحریک پیش ہوئی ، آیا تحریک منظور کی جائے؟ تحریک منظور ہوئی ۔لہذا بلوچستان اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو قاعدہ نمبر (170(D کے تحت In-Camera بریفنگ کے لیے کُل ایوان کی مجلس تشکیل دیا جاتا ہے۔ محکمہ صحت سے متعلق In-Camera بریفنگ کی بابت اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 12 فروری 2025ء بوقت سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔ In-Camera بریفنگ۔۔۔

میر یونس عزیز زہری (قائد حزب اختلاف): تو 14 فروری کو رکھ لیں۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: جی جیسے۔Leader of the House بھی ہیں، Opposition Leader of the House بھی ہیں،آپ جس طرح سے کہیں۔

جناب قائد ایوان: میڈم اسپیکر!ہم آپس میں اِس کے بعد بیٹھ جائیں گے date decide کرلیں گے۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: جی جس طرح سے date طے کی گئی اُسی طریقے سے پھر سیکرٹری صاحب اُن کو۔ok.جی۔ابھی اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 12 فروری 2025ء بوقت سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔لیکن اُس کے بعد آپ

لوگوں کی رائے سے جس طرح سے جو date ہوئی اُس کو آئندہ کے لیے consider کیا جائے گا۔

☆☆☆